سوال

(1202) برتھ ڈے منانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میرا بیٹا آج کل اپنی ماں کے ساتھ رہ رہا ہے اور اس کی ماں ہر سال اس کی سالگرہ مناتی ہے۔ اس میں ماکولات و مشروبات کا اہتمام ہوتا ہے۔ بچے کی عمر کے لحاظ سے موم بتیاں جلائی جاتی ہیں اور پھر وہ انہیں بجھاتا ہے۔ اس طرح پروگرام کا آغاز ہوتا ہے۔ اس کے بارے میں شرعی حکم کیا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سالگرہ منانا جائز نہیں ہے، یہ بدعت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: ''جس نے ہمارے اس دین میں کوئی ایسا کام ایجاد کیا جو اس میں سے نہ ہو تو وہ مردود ہے۔'' (صحيح بخاري،كتاب الصلح،باب اذا اصطلحوا على صلح جور فالصلح مردود،حديث:2550۔ صحيح مسلم،كتاب الاقضية،باب نقض الاحكام الباطلة ورد محدثات الامور،حديث:1718 وسنن ابی داود،کتاب السنة،باب لزوم السنة،حديث:4606۔ مسند احمد بن حنبل:270/6،حديث:26372۔) اور یہ کافروں کی مشابہت ہے اور آپ علیہ السلام کا فرمان ہے: ''جو کسی قوم کی مشابہت اپنائے وہ ان ہی میں سے ہوا۔'' (سنن ابی داود،کتاب اللباس،باب فی لبس الشهرة،حديث:4031 ومسند احمد بن حنبل:50/2،حديث:5114۔ مصنف ابن ابی شیبة:212/4،حديث:19401۔)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 851

محدث فتویٰ